خبروں کا اعلامیہ

گرانٹس تنوع کی حمایت کریں گی اور نسل پرستی کا مقابلہ کریں گے

29ستمبر، 2022

البرٹا ثقافتی بیداری بڑھانے اور نسل پرستی سے نمٹنے میں البرٹنزکی مدد کے لیے گرانٹ کا ایک نیا پروگرام شروع کر رہا ہے۔

ملٹی کلچرلزم اور اینٹی ریسزم گرانٹ پروگرام (Multiculturalism and Anti-Racism Grant Program) کمیونٹی کی تنظیموں کے لیے 1 ملین ڈالرکی سرمایہ کاری کر رہا ہے، ایسے پروجیکٹس بنانے کے لیے، جو البرٹا کے تنوع کو مناتے ہیں اور البرٹا کے باشندوں کو نسل پرستی کے خلاف کوششوں کے بارے میں سوچنے اور بات کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

ان پروجیکٹس کے کامیاب نفاذ سے ان منصوبوں کو حمایت ملےگی جو البرٹا کی متنوع ثقافتوں کی سمجھ کو بہتر بناتے ہیں، ان مشکلات کو اجاگر کیا جائے گا، جن کا سامنا نسل پرستی کا تجربہ کرنے والے لوگوں کو ہوتا ہے، اور/یا تمام البرٹنز کو نسل پرستی کے خلاف بہتر طور پر سمجھنے اور کارروائی کرنے میں مدد حاصل ہو گی ۔ کمیونٹی گروپس ان اقدامات کی حمایت کے لیے 30,000 ڈالر تک وصول کرنے کے اہل ہیں۔

درخواستیں 16 نومبر تک قبول کی جائیں گی اور یہ البرٹا میں مقیم غیر منافع بخش تنظیموں، بشمول کثیر الثقافتی اور عقیدے پر مبنی تنظیمیں، فرسٹ نیشنز اور میٹیس سیٹلمنٹس کے لیے کھلی ہیں ۔

اس گرانٹ پروگرام کو شروع کرنے کے ذریعے، البرٹا کی حکومت ثقافتی کمیونٹیزکو اپنے تجربے کا اشتراک کرنے اور البرٹا میں اپنے تعاون کو اجاگر کرنے کے قابل بنا کر ، کثیر ثقافتی کاروائی اور نسل پرستی کے خلاف کارروائی جاری رکھے ہوئے ہے۔

صوبے کا خلافِ نسل پرستی ایکشن پلان(Anti-Racism Action Plan) بامعنی کارروائی کے لیے ایک روڈ میپ ہے اور تنوع کے لیے حکومت کے عزم کا خاکہ پیش کرتا ہے۔ اس میں تارکین وطن کی کامیابیوں کا جشن منانے کے لیے حالیہ البرٹا نیوکمر ریکگنیشن ایوارڈز (Alberta Newcomer Recognition Awards)، جن کے وصول کنندگان کا اعلان 21 ستمبر کو کیا گیا تھا، اور نسل پرستی سے نمٹنے کے لیے ان پٹ جمع کرنے کے لیے عوامی شمولیت (public engagement)شامل ہیں ۔ البرٹا کی خلافِ نسل پرستی کی مشاورتی کونسل (Anti-Racism Advisory Council) نے اس کام میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

فوری حقائق

- درخواستیں 16 نومبر ، رات 11:59 بجے تک قبول کی جائیں گی۔
- گرانٹس البرٹا میں مقیم ان تنظیموں کے لیے کھلی ہیں:
    - غیر منافع بخش تنظیمیں (انکارپوریٹڈ، رجسٹرڈ یا صوبائی یا وفاقی قانون سازی کے تحت قائم)، بشمول سودیشی (انڈیجنس)، کثیر الثقافتی اور عقیدے پر مبنی تنظیمیں
    - فرسٹ نیشنز
    - میٹیس سیٹلمنٹس
- اہل پراجیکٹس کا کم از کم درج ذیل اہداف میں سے ایک کا ہونا ضروری ہے:
    - بین الثقافتی بیداری میں اضافہ۔
    - دوسری ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں اور ان کے اختلافات کے بارے میں البرٹنز کی سمجھ میں اضافہ۔
    - نسل پرستی اور سودیشی (انڈیجنس) اور نسلی گروہوں کو درپیش چیلنجز کے بارے میں البرٹنز کی سمجھ میں اضافہ۔
    - البرٹنز کے علم میں اضافہ تاکہ وہ نسل پرستی کو بہتر طریقے سے پہچان سکیں اور ان کا ازالہ کر سکیں۔

متعلقہ معلومات

- کثیر ثقافتی اورخلافِ نسل پرستی کے لیے گرانٹ (Multiculturalism and anti-racism grant)
- خلافِ نسل پرستی ایکشن پلان(Anti-Racism Action Plan)
- خلافِ نسل پرستی شمولیت(Anti-racism engagement)

Classification: Public